آستانہ شریفہ کاظمیہ کچھ اوپر ڈیڑھ سو برس سے انوار عرفان کی ضیا باری میں سرگرم ہے مولنا شاہ حبیب حیدر علیہ الرحمہ اسی آستانۂ عالیہ کے سجادہ افروز اور قلندران پاک کی بہترین یادگار تھے۔ یہ کتاب انھیں کی تالیف ہے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عید میلاد کے تذکرہ میں ہے تاریخی حقائق پر تو بہتوں نے لکھا ہے، استغراق فی الذات ومحویت فی الصفات کا ل دیکھنا ہو تو یہ رسالہ دیکھئے۔ (ع ع)۔

اشرف المبین فی ذکر معراج سید المرسلین از حضرت مولنا شاہ حبیب حیدر ضخامت ۵۶ صفحے۔ ملنے کا پتہ: قاضی انتظام علی خاں صاحب، محلہ قاضی گڑہی، کاکوری ضلع لکھنؤ۔

یہ رسالہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذکر معراج میں ہے، اور حضرت مغفور ہی کی تالیف ہے۔ کتاب وسنت وکتب سیرۃ میں معراج نبوی کے متعلق بہت کچھ مذکور ہے، لیکن اس رسالہ کی خصوصیت یہ ہے کہ فنا فی الرسول کے جذبات اس سے تراوش کرتے ہیں۔ (ع ع)۔

رطل گران از آغائے محمد طلعت یزدی، ضخامت ۸۰ صفحے۔

"سبک باش و رطل گرانم بدہ"۔ یہ چھ سو برس پہلے کی درخواست ہے، جو شیراز نے کی تھی اور اب حیدرآباد میں اسکی تکمیل ہوئی ہے۔ آغائے سخن "طلعت" کے فارسی منظومات کا یہ ایک مختصر مجموعہ ہے، جو غرائب کلام وعجائب لغات کا نہایت روشن مظہر ہے، "دیدہ آئینہ دار طلعت اوست" سکسری ہی گی اگر اہل ذوق اس رطل گراں کے رشحات سے فیضیاب نہ ہوں، صافی مذاقوں کو اس بادۂ تند وتیز سے ضرور مستفید ہونا چاہیے۔ (ع ع)۔

فضل فونٹن پن

سیفیر ۸۶، جونیر ۱۱۰۔ نیا اسٹاک آچکا ہے

خوبصورت پائدار قیمت واجبی علاوہ اس کے سامان اسٹیشنری وکاغذ وغیرہ خط وکتابت سے طلب فرمائے

فدا علی محمد علی تاجر کاغذ تھمر گٹی حیدرآباد دکن